2025-05-08

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- حکومت نے، آپریشن سِندور کے تناظر میں آج نئی دلّی میں آل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے پاکستان اور نیپال کی سرحد سے متصل ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور لیفٹننٹ گورنرز سے کہا ہے کہ وہ غیر ضروری عناصر کی جانب سے سوشل میڈیا اور دیگر میڈیا پلیٹ فارمس پر ملک مخالف پروپیگنڈے پر کڑی نظر رکھیں۔

3- کھیل اور فلمی شخصیات نے پاکستان کے خلاف آپریشن سِندور پر بھارتی مسلح افواج کی ستائش کی ہے۔

4- لداخ کے ہوٹلوں نے لیہہ ہوائی اڈّے سے پروازوں کے منسوخ ہو جانے کے بعد پھنسے ہوئے سیاحوں کو مفت رہائش کی پیشکش کی ہے۔

5- Sotheby کے ہانگ کانگ نے بھارتی حکومت کی مداخلت کے بعد Piprahwa بدھسٹ آثار کی نیلامی ملتوی کر دی ہے۔

6- اور کرکٹ میں خواتین کی تین ممالک کی ایک روزہ کرکٹ سیریز میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 23 رن سے ہرا دیا۔ فائنل میں بھارت کا مقابلہ اب سری لنکا سے ہوگا۔×

اب خبریں تفصیل سے۔

Govt All Party Meeting

حکومت نے آج نئی دلی میں آپریشن سندور کے تناظر میں آل پارٹی میٹنگ بلائی ہے۔ میٹنگ کے دوران مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کو حکومت کی جانب سے آپریشن سندور کے بارے میں واقف کرایا جائے گا۔ پارٹی وابستگی سے قطع نظر رہنماؤں نے آپریشن سندور کو سراہا اور دہشت گردوں کے خلاف مسلح افواج کی کارروائی پر فخر کا اظہار کیا ہے۔ اپوزیشن نے پہلے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد حکومت کی طرف سے کی جانے والی کسی بھی کارروائی کی حمایت کی تھی۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Superna / Anand Recorded

پاکستان اور پاکستان کے زیرِ قبضہ کشمیر میں دہشت گردی کے کیمپوں کے خلاف حملے شروع کرکے، بھارت نے اپنی سرزمین پر حملے کا جواب دینے کے اپنے حق کا استعمال کیا ہے۔ آپریشن

سندور نے دنیا کو ایک مضبوط پیغام دیا ہے کہ بھارت کسی بھی دہشت گردانہ حملے کو ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔ اس آپریشن نے نریندر مودی حکومت کی دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی کو بھی واضح کر دیا ہے۔

کل مرکزی کابینہ کی میٹنگ ہوئی، جس میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کامیابی کے ساتھ کارروائی اننجام دینے اور دہشت گردی کے ٹھکانوں کو ختم کرنے کے لیے مسلح افواج کی ستائش کی۔ آپریشن سندور کے ذریعے بھارت اِس عزم پر کھرا اترا ہے کہ پہلگام حملے کے ذمہ دار افراد کو جواب دہ بنایا جائے گا اور اُن کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

آپریشن سندور 25 منٹ تک جاری رہا۔ اِس جوابی کارروائی میں پاکستان اور پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں تباہ کردیا دیا گیا۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

## Shah CMs Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے پاکستان اور نیپال کی سرحد سے متصل ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور لیفٹننٹ گورنرز سے کہا ہے کہ وہ غیر ضروری عناصر کی جانب سے سوشل میڈیا اور دیگر میڈیا پلیٹ فارمس پر ملک مخالف پروپیگنڈے پر کڑی نظر رکھیں۔ سلامتی کی صورتحال سے متعلق نئی دلّی میں، ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب شاہ نے اُنہیں ریاستی حکومتوں اور مرکزی ایجنسیوں سے تال میل کے ساتھ فوری کارروائی کی ہدایت دی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ مواصلات کے نظام کو حسبِ معمول برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے اور کمزور امور کی سکیورٹی کو مزید بہتر بنایا جانا چاہیے۔ جناب شاہ نے ریاستوں سے عوام میں پھیل رہے غیر ضروری خوف کو روکنے اور افواہوں کی روک تھام کے لیے اقدامات کرنے کو کہا۔

جناب شاہ نے مزید کہا کہ مقامی انتظامیہ، فوج اور نیم فوجی دستوں کے درمیان تال میل کو مزید بڑھایا جائے۔

انہوں نے سبھی ریاستوں کو ہدایت دی کہ وہ Mock Drill کے لیے جاری رہنماء خطوط کے مطابق اپنی تیاریاں مکمل کریں۔ جناب شاہ نے اسپتالوں اور فائر بریگیڈ جیسی ضروری خدمات کی حسبِ معمول فراہمی کے لیے انتظامات کرنے اور اشیاء ضروریہ کی غیر مسدود فراہمی کو یقینی بنانے کو کہا۔

میٹنگ کے دوران وزیر داخلہ نے آپریشن سِندور کا فیصلہ لینے پر وزیر اعظم نریندر مودی کے تئیں اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سِندور، بھارت کی جانب سے اُنہیں منہ توڑ جواب ہے، جو ملک کی سرحدوں، فوج اور شہریوں کو چیلنج کرنے کی ہمت دکھا رہے ہیں۔

جناب شاہ نے کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کو نظرانداز نہ کرتے ہوئے آپریشن سِندور کے ذریعے مناسب جواب دیا گیا، جس نے دنیا تک سخت پیغام پہنچایا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ آپریشن سِندور، پوری دنیا کو دہشت گردی ہرگز برداشت نہ کرنے کی مودی حکومت کی پالیسی پر مبنی پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران ملک کی جانب سے کیے گئے اتحاد کے مظاہرے نے شہریوں کے حوصلے کو بڑھایا ہے۔ اس میٹنگ میں، جموں و کشمیر اور لداخ کے لفٹننٹ گورنروں،

اترپردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، راجستھان، گجرات اور مغربی بنگال کے وزراء اعلیٰ سمیت سگّم حکومت کے نمائندوں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی۔×

SB ST Gen Rajeev Chopra

NCC کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹننٹ جنرل راجیو چوپڑہ نے کہا ہے کہ بھارتی فوجوں نے پاکستان کی سرپرستی والی دہشت گردی کو منہ توڑ جواب دیا ہے۔

S/B - Rajeev Chopra

LOC Firingؘ

بھارتی فوج نے گزشتہ رات جموں اور کشمیر میں کنٹرول لائن پر پاکستانی فوج کی جانب سے کی گئی فائرنگ کا مؤثر جواب دیا۔ دفاعی ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی فوج نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کے کپواڑہ، بارہمولہ، اُڑی اور اخنور علاقوں کے بالمقابل واقع لائن آف کنٹرول پر چھوٹے ہتھیاروں سے بلا اشتعال فائرنگ کی، جس کا بھارتی فوج نے بروقت اور مناسب جواب دیا۔×

Rev. Laddakh Free Accomodation

لداخ میں آپریشن سِندور کی وجہ سے لیہہ ہوائی اڈّے کے بند ہو جانے کے بعد پھنسے ہوئے سیاحوں کو علاقے میں غیر متوقع قیام کے دوران مفت رہائش کی پیشکش کی گئی ہے۔ ایسے سیاح، جو ہوٹل یا گیسٹ ہاؤس چھوڑ چکے ہیں اور لیہہ میں پھنسے ہوئے ہیں، وہ راحت رسانی پر مبنی Hospitality انڈسٹری کے اس اقدام سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ لیہہ سیکٹر کے لیے سبھی شیڈیولڈ پروازوں کے منسوخ ہو جانے سے ہزاروں سیاح لداخ میں پھنسے ہوئے ہیں۔

پیش ہے لیہہ سے ہمارے نمائندے کی ایک رپورٹ

V/C - Yangchan Dolma

Hospitality انڈسٹری کے سبھی شراکت داروں نے  آل لداخ ہوٹل اینڈ گیسٹ ہاؤس ایسوسی ایشن، ALHAGHA کے بینر تلے اس غیر متوقع صورتحال کے دوران سیاحوں کی امداد اور دیکھ بھال کے مقصد سے اپنی صنعت کے اس فیصلے کا اعلان کیا۔

اس دوران مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ کی انتظامیہ نے لداخ کو ملک کے دیگر حصوں سے جوڑنے والی تین شاہراہوں میں سے ایک Nimoo Padum Darcha سڑک کھول دی ہے۔ لیہہ ہِل کونسل کے چیف ایگزیکٹو کاؤنسلر تاشی Gyalsion نے اخباری کانفرنس میں بتایا کہ لداخ کو جوڑنے والی تینوں شاہراہوں کو کھلا رکھنے کے مقصد سے لیہہ-منالی قومی شاہراہ کو اگلے 5 دنوں میں دوبارہ کھولنے کے لیے سبھی کوششیں جاری ہیں۔

لیہہ-سری نگر شاہراہ پہلے ہی ٹریفک کی آمدورفت کے لیے کھلی ہوئی ہے۔

لیہہ لداخ سے یانگ چن ڈولما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں …………

AIR India Ticket Refunds

بھارتی مسلح افواج کے تئیں حمایت کے مظاہرے کے طور پر ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس کی دفاعی اہلکاروں کے ٹکٹوں پر فری ری شیڈیولنگ یا منسوخی پر مکمل ریفنڈ کی پیشکش کی ہے۔ پہلگام دہشت گرد حملے اور اُس کے بعد شروع کیے گئے آپریشن سِندور کے تناظر میں یہ قدم اُٹھایا گیا ہے۔

ٹاٹا کی ملکیت والی ایئر لائن نے کہا ہے کہ خصوصی کرائیوں والے وہ دفاعی اہلکار، جنہوں نے 31 مئی تک ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس کا ٹکٹ بُک کیا ہے، وہ منسوخی کی صورت میں مکمل ریفنڈ کی ادائیگی کے اہل ہوں گے۔ اس کے علاوہ وہ اہلکار 30 جون 2025 تک اپنے سفری منصوبے میں تبدیلی کی صورت میں ری شیڈیولنگ چارجز کی مکمل معافی بھی پا سکیں گے۔

ائیر لائن نے مزید کہا کہ یہ قدم، مسلح افواج کی بے نیاز خدمات اور فرض کی ادائیگی کے تئیں جذبے کی حمایت کے طور پر اُٹھایا گیا ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Film Sports Personaties Operation Sindoor

کھیل اور فلمی شخصیات نے پاکستان کے خلاف آپریشن سِندور پر بھارتی مسلح افواج کی ستائش کی ہے۔ اکشے کمار، کنگنا رناوت، الّو ارجن اور سنیل شیٹی جیسے اداکاروں نے وحشیانہ پہلگام دہشت گردانہ حملے میں 26 شہریوں کی موت کے جواب میں بھارتی فوج کی جانب سے کیے گئے جوابی میزائل حملوں پر فوج کی ستائش کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C – Aishwarya

سوشل میڈیا پوسٹ میں، اداکار اکشے کمار نے لکھا "جے ہند، جے مہا کال"۔ BJP رکن پارلیمنٹ کنگنا راناوت نے دہشت گردی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کے حکومت کے موقف کو دوہرایا۔ انہوں نے دعا کی کہ خدا اُن کی حفاظت کرے، جو ہماری حفاظت کرتے ہیں۔ وہیں اداکار الّو ارجن نے کہا کہ انصاف ہو، جے ہند۔ اداکار سنیل شیٹی نے کہا ہے کہ دنیا میں دہشت گردی کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ فلمساز شیکھر کپور نے کہا ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے پر بھارت کی جانب سے دیا گیا جواب دنیا کو یہ دکھاتا ہے کہ ہم کتنے ذمہ دار اور خوداعتمادی سے بھرے ہوئے ہیں۔

کھیل کی دنیا کے سرکردہ افراد جیسے سچن تیندولکر، ہربھجن سنگھ، گوتم گمبھیر، سریش رینا، بجرنگ پُنیا، ساکشی مَلک اور دویندر جھجھریا نے بھی بھارتی فوج کے مرکوز اور منظم جوابی حملے کی تعریف کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں سچن تیندولکر نے لکھا ہے کہ دنیا میں دہشت گردی کی کوئی جگہ نہیں ہوسکتی۔ بجرنگ پُنیا، جنہوں نے پہلگام حملے میں اپنے بھائی کو کھویا ہے، نے کہا کہ فوج نے اُن کے بھائی کی قربانی کو اپنی شجاعت اور بے انتہا درستگی کے ذریعے عزّت بخشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوج کی کارروائی نے غمزدہ خاندانوں کے لیے دلاسے کا کام

کیا ہے اور یہ ملک کے لیے قابلِ فخر ہے۔ کرکٹ کھلاڑی محمد شمیع نے لکھا ہے کہ بھارتی مسلح افواج نے مصیبت کو زبردست فتح کے لمحات میں بدل دیا ہے، جے ہند۔

دلّی سے ایشوریا رائے نگم کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

World Leaders Airstrike

بھارت کی جانب سے پاکستان اور پاکستان مقبوضہ جموں و کشمیر میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کے لیے کیے گئے آپریشن سِندور کو بڑے پیمانے پر بین الاقوامی حمایت حاصل ہو رہی ہے۔ کئی ملکوں نے دہشت گردی کے خلاف بھارت کے دفاع کے حق کی حمایت کی ہے۔

سابق برطانوی وزیر اعظم رِشی سونک نے بھارتی دفاعی افواج کی جانب سے پاکستان اور پاکستان مقبوضہ جموں و کشمیر میں چلائے جا رہے دہشت گرد کیمپوں پر کیے گئے حملوں کو یہ کہتے ہوئے صحیح ٹھہرایا ہے کہ دہشت گردوں کے لیے کوئی معافی نہیں دی جا سکتی۔

اس سے پہلے اسرائیل، برطانیہ، جاپان اور جرمنی بھی دہشت گردی کے خلاف بھارت کے موقف کی حمایت کا اظہار کر چکے ہیں۔×

Sotheby's Buddhist Relic

ثقافت کی وزارت نے سوتھبی ہانگ کانگ کے مقدس Piprahwa بدھ آثار کی نیلامی کو کامیابی کے ساتھ ملتوی کرادیا ہے، جو کل ہونے والی تھی۔ Piprahwa کے آثار کی کی کھدائی William Claxton Peppe نے 1898 میں کی تھی۔ بھگوان بدھ کے یہ آثار ہڈیوں پر مشتمل ہیں۔ اِس کے علاوہ یہ آثار پتھر کے صابن اور کرسٹل کے ساتھ تاریخی بدھ کے ٹکڑے، تابوت، ایک ریت کے پتھر کا خزانہ اور نذرانے جیسے سونے کے زیورات اور جواہرات پر مشتمل ہیں۔ ایک تابوت پر براہمی رسم الخط میں ایک تحریر اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ یہ آثار بھگوان بدھ سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ تمام اشیا Sakya قبیلے کے ذریعے جمع کی گئی تھیں۔

ان آثار میں سے زیادہ تر کو 1899 میں کولکاتہ میں بھارتی عجائب گھر میں منتقل کیا گیا تھا اور بھارتی قانون کے تحت اِن کی درجہ بندی 'AA' نوادرات کے طور پر درجہ بندی کی گئی ہے۔ قانون، ان نوادرات کو ہٹانے یا فروخت کرنے سے منع کرتا ہے۔

ثقافت کی وزارت کے سکریٹری کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے منگل کو سوتھبی کے نمائندوں سے بات چیت کی تھی۔ وفد نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ یہ آثار عام نمونے نہیں ہیں بلکہ یہ دنیا بھر کے لاکھوں بدھ مت کے ماننے والوں کے لیے مقدس اور اہمیت کے حامل ہیں۔ وزارت ثقافت، بھارتی محکمہئ آثارِ قدیمہ اور وزارت خارجہ کے ساتھ ملکر، اب تمام متعلقہ فریقوں کو ان آثار کی بھارت واپسی پر بات چیت کو آگے بڑھانے کے لیے کام کرے گی۔ x`

Iran FM Visit

ایران کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عباس Aragchi بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلی پہنچے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بھارتی - ایران مشترکہ کمیشن کی میٹنگ کے لیے ڈاکٹر Aragchi کا خیر مقدم کیا۔ جناب جیسوال نے کہا

کہ یہ بھارت۔ ایران دوستی سے متعلق معاہدے کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر دو طرفہ اشتراک و تعاون کی پیشرفت کا جائزہ لینے اور اس میں اضافہ کرنے کا موقع ہے۔

ڈاکٹر Aragchi بھارت اور ایران کے درمیان مشترکہ کمیشن کی 20 ویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ پچھلے سال اگست میں ایران کے وزیر خارجہ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے یہ اُن کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔x

IPL

IPL ٹی ٹوینٹی کرکٹ میں، گل رات کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں چنئی سپر کنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 2 وکٹ سے ہرایا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 179 رن بنائے۔ جیت کے لیے 180 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے چنئی سپر کنگس نے 19 اوورس چار گیندوں میں آٹھ وکٹ پر 183 رن بناکر میچ جیت لیا۔x

Trination Cricket

کولمبو میں خواتین کرکٹ کی تین ملکوں کی ایک روزہ بین الاقوامی میچ کی سیریز میں بھارت نے گل رات جنوبی افریقہ کو 23 رن سے ہرا دیا۔ اب فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

Jemimah Rodrigues نے اپنے کیریئر کی بہترین سینچری بنائی۔ سلامی بلے باز اسمرتی مندھانا اور دیپتی شرما نے بھی ہاف سینچری بنائی۔ اِس طرح بھارتی ٹیم نے 9 وکٹ پر 337 رن بنائے۔ بھارتی گیند بازوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کو 7 وکٹ پر 314 کے اسکور پر روک دیا۔ x

Rohit Test Cricket Retirement

روہت شرما نے فوری طور پر ٹیسٹ کرکٹ سے اپنی ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ انھوں نے سوشل میڈیا پر اِس فیصلے کا اعلان کیا۔ روہت شرما نے 67 ٹیسٹ میچ میں 40 اعشاریہ پانچ سات رن کی اوسط سے کُل چار ہزار 301 رن بنائے۔ انھوں نے 12 سینچری اور 18 ہاف سنچری بنائی۔

38 سالہ کرکٹر روہت شرما ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں بھارت کی نمائندگی جاری رکھیں گے۔x

Khelo India Youth Games

کھیلو انڈیا یوتھ گیمز میں مہاراشٹر سونے کے 13 تمغوں سمیت کُل 35 تمغے کے ساتھ سرِفہرست ہے۔ کھیلو انڈیا یوتھ گیمز کے چوتھے دن گل مہاراشٹر کے کھلاڑیوں نے کئی تمغے جیتے۔ اِن کھلاڑیوں نے تیر اندازی، نشانے بازی اور تیراکی کے مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

راجستھان سونے کے 9، چاندی کے تین اور کانسوں کے چار، تمغوں سمیت 16 تمغے کے ساتھ دورے مقام پر ہے۔

کرناٹک نے سونے کے 6، چاندی کے 10 اور کانسے کے 3 تمغے جیتے ہیں۔x

IMD

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے 4 سے پانچ دن کے دوران ملک کے مشرقی، مغربی، مرکزی اور شمالی مشرقی حصوں میں ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ مہاراشٹر، گجرات، مدھیہ پردیش، ودربھ اور چھتیس گڑھ میں 11 مئی تک ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے آج گجرات میں شدید بارش اور اترکھنڈ میں ژالہ باری ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے کہا کہ آئندہ 5 دن کے دوران مغربی بنگال کے زیر ہمالیہ حصوں، سکّم، مغربی بنگال کے گنگا کے ترائی والے علاقوں، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ کے کچھ حصوں میں گرم لہر کے حالات رہنے کے قوی امکان ہیں۔

حالانکہ، آج اُڈیشہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل، کیرالہ اور ماہے میں گرم اور حبس کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران، کل شام قومی راجدھانی کے کچھ حصوں میں ہلکی بارش ہوئی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......نکتا تیاگی

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے آپریشن سندور سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایاہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پاکستان کی دہشت گرد تنظیموں کے خلاف بھارت کی جوابی کارروائی کی کامیابی کو پیش کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے: آپریشن سندور کے تحت دہشت گردوں کے 9 ٹھکانے تباہ۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے: فوجی ایکشن انھیں لوگوں کے خلاف تھا جو پہلگام حملے میں ملوث تھے۔

روزنامہ انقلاب کی ایک نمایاں سرخی ہے: کرنل صوفیہ قریشی اور ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ نے ”آپریشن سندور“ کی تفصیلات بتائیں۔

تقریباً سبھی اخباروں نے وزیر داخلہ امت شاہ کی سرحدی ریاستوں کے وزراءِ اعلیٰ کے ساتھ ہوئی میٹنگ کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو اولیت کے ساتھ صفحہئ اول پر جگہ دی ہے کہ آپریشن سندور پہلگام حملے کا جواب، فوج پر فخر ہے۔

روزنامہ پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے آپریشن سندور کے تناظر میں آج ہونے والی کُل پارٹی میٹنگ کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ سبھی اخباروں نے 7 ریاستوں کے 18 ہوائی اڈے بند رہنے کی خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔

اخبارات کی دیگر کچھ اہم خبریں ہیں:

- بیجاپور تصادم میں 22 نکسلی ہلاک۔
- اسرائیل نے آپریشن سندور کو سراہا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے، آپریشن سِندور کے تناظر میں آج نئی دلّی میں آل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے پاکستان اور نیپال کی سرحد سے متصل ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور لیفٹننٹ گورنرز سے کہا ہے کہ وہ غیر ضروری عناصر کی جانب سے سوشل میڈیا اور دیگر میڈیا پلیٹ فارمس پر ملک مخالف پروپیگنڈے پر کڑی نظر رکھیں۔

3- کھیل اور فلمی شخصیات نے پاکستان کے خلاف آپریشن سِندور پر بھارتی مسلح افواج کی ستائش کی ہے۔

4- لداخ کے ہوٹلوں نے لیہہ ہوائی اڈّے سے پروازوں کے منسوخ ہو جانے کے بعد پھنسے ہوئے سیاحوں کو مفت رہائش کی پیشکش کی ہے۔

5- Sotheby کے ہانگ کانگ نے بھارتی حکومت کی مداخلت کے بعد Piprahwa بدھسٹ آثار کی نیلامی ملتوی کر دی ہے۔

6- اور کرکٹ میں خواتین کی تین ممالک کی ایک روزہ کرکٹ سیریز میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 23 رن سے ہرا دیا۔ فائنل میں بھارت کا مقابلہ اب سری لنکا سے ہوگا۔×